انعامی مقابلہ کتب سیرت طیبہ و مجموعہ ہائے نعت برائے سال 1443 ہجری

محکمہ اوقاف حکومت پنجاب کی طرف سے سیرت طیبہ ﷺ و مجموعہ ہائے نعت کے موضوع پر لکھی جانے والی کتب کے حوالے سے انعامات کا اعلان کیا جاتا ہے۔ سیرت طیبہ ﷺ اور مجموعہ ہائے نعت کے حوالے سے 1442ھ میں اُردو، پنجابی بشمول سرائیکی اور دیگر زبانوں میں طبع زاد کتب میں سے اوّل آنے والی کتاب کو علیحدہ علیحدہ انعام دیا جائے گا۔ انعامات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

کیٹگری	انعامی رقم
سیرت طیبہ (اُردو)	-/40,000 روپے
سیرت طیبہ (پنجابی بشمول سرائیکی)	-/40,000 روپے
سیرت طیبہ (غیر ملکی زبان بشمول انگریزی)	-/40,000 روپے
مجموعہ ہائے نعت (اُردو)	-/25,000 روپے
مجموعہ ہائے نعت (پنجابی بشمول سرائیکی)	-/25,000 روپے

عمومی شرائط:

☆ کتب سیرت طیبہ کا عنوان دینی و شرعی مؤقف کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ ☆ کتب طبع زاد ہوں، منتخب کلام کے مجموعہ جات اور تراجم ہرگز قبول نہ ہوں گے۔ ☆ کتب قرآنی آیات اور احادیث کی اغلاط سے مبرّا ہوں۔

☆ ذی روح اشیاء کی تصاویر اور فرقہ وارانہ مواد پر مبنی کتب بھی مقابلہ سے خارج ہوں گی۔ ☆ مقابلے میں بلا تخصیص مرد و خواتین حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔ ☆ محکمہ اوقاف پنجاب کے ملازمین اس مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہ ہیں۔

☆ محکمہ اوقاف پنجاب کی طرف سے مقرر شدہ ججز کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

☆ مقابلے کے لئے ہر کتاب کے کم از کم چھ نسخے بھجوائے جانے ضروری ہوں گے۔ جو ناقابل واپسی ہوں گے۔

☆ کتاب کا پہلی مرتبہ یکم محرم 1442ھ سے 30 ذوالحجہ 1442ھ کے دوران صوبہ پنجاب میں طبع ہونا ضروری ہوگا۔

☆ مصنفین اپنے مختصر کوائف حیات اور رابطہ نمبر بھی بھجوائیں۔

☆ 24 اگست 2021ء تک کتب کا مرکزی لائبریری علماء اکیڈمی اوقاف، بادشاہی مسجد لاہور میں موصول ہونا ضروری ہے۔

ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور و اوقاف پنجاب لاہور

رابطہ: 042-99210860-042-37658338

(IPL-7915-LRM)